مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کے مہنامہ محدث کا ۴۵ سالہ اشاریہ (زط)
انجمن خدام، چکوال کے ماہنامہ حق چار یار کا ۲۲ سالہ اشاریہ، ص ۱۸۰
شیخ زائد اسلامک سینٹر، کراچی کے مجلّہ الثقافۃ الاسلامیہ کا ۲۰ سالہ اشاریہ، ص ۳۶
ایران پاکستان ثقافتی کونسل، اسلام آباد کے پیغام آشنا کا ۱۰/ سالہ اشاریہ، ص ۱۰۶
شاہ ولی اللہ اکیڈمی، حیدرآباد کے الرحیم/ الولی کا ۴۵ سالہ اشاریہ، ص ۹۶
اکادمی ادبیات، اسلام آباد کے سہ ماہی ادبیات کا ۲۵ سالہ اشاریہ (زت)
اسلامک فقہ اکیڈمی، کراچی کے ماہنامہ فقہ اسلامی کا ۱۰/ سالہ اشاریہ، ص ۱۰۰
ادارہ ترجمان القرآن، لاہور کے ماہنامہ ترجمان القرآن کا ۵۷ سالہ اشاریہ (زت)
مرکز تحقیق، دیال سنگھ ٹرسٹ، لاہور کے سہ ماہی منہاج کا ۲۵ سالہ اشاریہ، ص ۹۶
انجمن خدام، القرآن، لاہور کے ماہنامہ حکمت قرآن کا ۲۶ سالہ اشارہ، ص ۱۲۴
مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان کے ماہنامہ لولاک کا ۱۴/ سالہ اشاریہ (زط)
اقبال اکادمی، حیدرآباد کے مجلّہ اقبال ریویو کا اشاریہ، ص ۲۶
شعبہ اقبالیات، کشمیر یونیورسٹی کے مجلّہ اقبالیات کا اشاریہ، ص ۱۲
انجمن اساتذۃ، کراچی کے مجلّہ علوم اسلامیہ کا ۵ سالہ اشاریہ، ص ۳۶
مجلس ترقی ادب، لاہور کے سہ ماہی صحیفہ کا ۵۰ سالہ اشاریہ، ص ۴۸۸

مجلّہ	:	ششماہی الایام، ج/۱، ش/۲، جولائی تا دسمبر ۲۰۱۰ء
چیف ایڈیٹر	:	پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر
ناشر	:	مجلس برائے تحقیق اسلامی تاریخ وثقافت کراچی
قیمت وصفحات	:	۲۰۰ روپے۔۲۴۸ صفحات

پروفیسر ڈاکٹر نگار شجاد ظہیر صاحبہ کسی تعارف کی محتاج نہیں۔سابق صدر شعبہ اسلامی تاریخ جامعہ کراچی رہی ہیں، اب بھی اسی شعبہ سے وابستہ ہیں۔متعدد کتب کی مصنفہ ہیں، بے شمار تحقیقی مقالات تحریر کرچکی ہیں، پیش نظر ششماہی علمی وتحقیقی جریدہ الایام ہے، یہ دوسرا اشارہ ہے۔

درج ذیل اردو، انگریزی مضامین اس مجلّہ کا حصہ ہیں۔

۱)...... پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج صاحب کا مقالہ ایمان اور عمل صالح کا باہمی تلازم ہے، موصوف نے ایمان کے ساتھ عمل کے تلازم کو دلائل سے بیان کیا ہے اور مولانا غلام رسول سعیدی کی تفسیر تبیان القرآن کے اقتباسات پیش کر کے ان کے خیالات کی تردید کی ہے۔

۲)...... علامہ اقبال اور مسئلہ فلسطین خدیجہ ناہید کا مضمون ہے۔ جس میں اقبال کے حوالہ سے فلسطین کی تاریخ بیان کی گئی ہے، اور واضح کرنے کی کوشش کی ہے کہ فلسطینیوں کے خلاف عیسائی و یہودی متفق ہیں اور دونوں کی کوششوں سے صیہونی ریاست وجود میں آئی ہے۔ مقالہ سے اقبال کی بے چینی اور امت مسلمہ کی بے حسی نمایاں ہوتی ہے۔

۳)...... کلہوڑہ عہد تاریخ گوئی کے آئینہ میں ڈاکٹر خضر حیات نوشاہی مقالہ کلہوڑہ عہد کے زبان وادب کے حوالہ سے ہے، اس دور میں فن تاریخ گوئی اپنے شباب پر تھا، اور تاریخ کو ''قطعہ تاریخ'' کی صورت میں بیان کرنے کا رواج تھا، مقالہ میں اس دور کو اسی تناظر میں پیش کیا گیا ہے۔

۴)...... یہ باقاعدہ کوئی مقالہ نہیں بلکہ ابوجعفر ابن حبیب کی کتاب المحبر کا اردو ترجمہ ہے، جو ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی تحقیق کے ساتھ شائع ہوا تھا، اس کی قسط دوم ہے، یہ کتاب اسلام کے ابتدائی دور کے بارے میں جزوی معلومات فراہم کرتی ہے، سیرت نگاری کے لئے بہت مفید کتاب ہے۔

۵)...... پنجاب کے چند کتب خانے یہ مقالہ ڈاکٹر نگار سجاد صاحبہ اور ڈاکٹر سہیل شفیق صاحب کا ہے، جس میں درج ذیل کتب خانوں کا تعارف کرایا گیا ہے۔

ڈاکٹر طاہر جمیل کا کتب خانہ ڈاکٹر ابرار عبدالسلام کا کتب خانہ مسعود جھنڈیر لائبریری (میلسی ملتان) کتب خانہ دار الفقہ اء نوشاھیہ۔ عبدالمجید کھوکھر کتب خانہ۔ ڈاکٹر اقبال مجددی۔

کچھ سرکاری لائبریریوں مثلاً لانگے خان، دیال سنگھ پنجاب پبلک، 'اکٹر حمید اللہ کا تذکرہ۔

۶)...... مکاتب علی ارشد بنام نگار سجاد۔

۷)......سوانح مولانا روم ایک مطالعہ، ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی کا مقالہ ہے۔ مضمون عنوان سے واضح ہے۔

۸)......سانجھ بھئی چودیس ناول کا تجزیہ ڈاکٹر نگار سجاد

۹)......سرجے اے زنکووسکی کی کتاب (Pan-Turksim and Islam in Russia) روس میں پاک ترکی ازم اور اسلام کا خلاصہ اردو میں بیان کیا گیا ہے۔ چند مضامین انگریزی میں ہیں۔

1- Dr. Tanweer Khalid:- The contoours of Islamic state.

2- Syed Munir Wasti:- In introduction tothe major works of Shah Abdal-Aziz and Shah Rafiuddin.

یہ مجلّہ ایک بہترین کوشش ہے، جسے باقاعدگی کے ساتھ جاری رہنا چاہئے۔

مجلّہ : تبصرہ: ماہنامہ معراج انسانیت سیرت النبی ﷺ نمبر جون، علوم اسلامیہ انٹرنیشنل ۲۰۱۰ء

چیف ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

قیمت وصفحات : ۷۰۰ روپے۔ ۲۰۰ صفحات

ویب سائٹ : www.quicks.org پر مجلّہ مفت مطالعہ کریں۔

ملنے کا پتہ : پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، مکان نمبر ۱۶۲، سیکٹر ایل/ ۸۔ اورنگی ٹاؤن کراچی

یہ مجلّہ ایک مکمل کتاب ہے جو اردو، عربی، سندھی اور نگریزی زبانوں پر مشتمل ہے، اس کے چار حصے ہیں یہ چوتھی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۱۰-۲۰۰۹ء میں پیش کردہ تحقیقی مقالات ہیں جن کے عنوانات ہیں، اعتدال پسندی، اور تبلیغ سیرت طیبہ کی روشنی میں، تبلیغ کے فوائد، طریقہ، حکمت عملی، حکمت کا مفہوم، مبلغ کے اوصاف وشرائط، غیر مسلموں میں تبلیغ کا طریقہ۔ بڑے دلچسپ اور تحقیقی مضامین علمی ذوق رکھنے والوں کے لئے ایک خزانہ ہے۔

✿